اومری فلمز کا شاندار شاہکار

लगन

لگن

کہانی اور گانے

ستارے

نلنی جیونت - سجن

وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

سٹوری ننھا کشور اور معصوم شیلا سیٹھ رام سرن داس کے پتر پریم کی چھایا
میں پل رہے تھے۔ شیلا سیٹھ جی کی بیٹی تھی۔ اور کشور انکے مرحوم دوست کا بچہ
تھا۔ وہ اب اس گھر کا ہی بیٹا بنا رہتا تھا ـــ وقت گزرتا گیا۔ معصوم بچپن کی
جگہ رنگین جوانی نے لے لی۔ کشور اور شیلا بڑے ہو گئے۔ اور ساتھ ہی بڑی ہو گئی۔
پریم کی بھاونا۔ جو دونوں کے بھولے من میں چھپی ہوئی تھی آگے پردہ پر دیکھیں۔

لگن کے گانے

گانا نمبر ۱

چھائیں بائیں، چھائیں بائیں آجا نندیا
سات سُروں کا لیکے میٹھا باجہ نندیا
رات بجائے ڈھولکی چھم چھم ناچیں تارے
سوتے سوتے عجب تماشہ دیکھیں بچے سارے
گھوم گھوم کے ناچے چندا راجہ نندیا
سات سُروں کا....
نئی دلہنیا چاندنی تارے بنے براتی
میٹھے میٹھے خوب اڑاؤں حلوا اور چپاتی
تو بھی آ کے لڈو پیڑا کھا جا نندیا
سات سُروں کا....

گانا نمبر ۲

پی کی لگن میں جھومے رے من میں
جاگیں اُمنگیں ہزار، آج میرے نینوں میں چھائی بہار
سنگ پیا جھومیں منوا کا پنچھی گائے ملن کے ترانے

جاگی ہے آشا انگڑائی لیکے، آئے خوشی کے زمانے
مَیں نے پایا ہے ساجن کا پیار آج میرے نینوں میں چھائی بہار
بدلا زمانہ موسم سہانا، لایا ہے رنگیں نظارے
انکھیوں نے میری دیکھا یہ سپنا، بالم کھڑے میرے دوار ہے
کیوں نہ کروں مَیں سولہ سنگار ـــــ آج میرے نینوں...

گانا نمبر ۳

محبت کی زباں چپ ہے ستارو تم بھی چپ رہنا
امیدوں کا جہاں چپ ہے ستارو تم بھی چپ رہنا
کسی کے لیے کسی کے راز کو ہردے میں رہنے دو
زمیں چپ آسماں چپ ہے ستارو تم بھی چپ رہنا
محبت کی زباں ...
میری پلکوں پہ آکے تھم گئے ہیں پیار کے آنسو
یہ غم کا کارواں چپ ہے ستارو تم بھی چپ رہنا
محبت کی زباں ...

گانا نمبر ۴

مجھے نظر سے اتار کر بھی نہ چین پایا تو کیا کرو گے
جسے بھلا کے چلے ہو دل سے وہ یاد آیا تو کیا کرو گے
چلو یہ مانا بغیر میرے، تمہاری راتیں جواں رہیں گی
مگر جو بھولے سے میرے خوابوں نے آ جگایا تو کیا کرو گے
مجھے نظر سے....
تمہاری محفل میں روز ہوگی، نئی کہانی نیا فسانہ
جو باتوں میں نام میرا، زباں پہ آیا تو کیا کرو گے

تجھے نظر سے....

گانا نمبر ۵

بہائے چاند نے آنسو زمانہ چاندنی سمجھا
کسی کے دل میں ہوک اُٹھی تو کوئی راگنی سمجھا
چھپایا اس طرح غم کو زمانے کی نگاہوں سے
میرا غم دیکھنے والا میرے غم کو خوشی سمجھا ــــ بہائے چاند نے...
چمن کو چھوڑ کر میں نے گزاری زندگی ایسے
کہ جو کانٹا نظر آیا اسی کو میں کلی سمجھا ــــ بہائے چاند نے...

گانا نمبر ۶

سناؤں اک مجنوں کا حال، کہ گھر پہ پکتی تھی نہ دال
نظر میں لیلےٰ کا تھا مال، سنوارے تیل لگا کر بال
تو بیٹا چلے گئے سسرال
ملاقت پکا پکایا مال، ٹماٹر جیسے ہو گئے گال
نہ لیلےٰ کی ماں تھی نہ باپ، وہاں پر مالک ہو گئے آپ
رچایا جھوٹ موٹ کا پیار مگر یہ کاٹھ کی ہانڈی یار
نہیں ہے چڑھتی بار بار
کھلا جب جھوٹے پیار کا حال، تو جل گئی گلنے لگی دال
ماری لیلےٰ نے ایسی کٹار، میاں مجنوں کا اُترا بخار
جھوٹی محبت جتانے چلے تھے، لیلےٰ کو اُلّو بنانے چلے تھے
ایسی پڑی مار بیٹا بھول گئے پیار
بنے تھے شکاری خود ہو گئے شکار ــــ ماری لیلےٰ نے...
پیسے کے لالچ نے دل جو دکھائے، تانبے پہ سونے کا پانی چڑھائے

ایسا کارو بار کیسے چلے میرے یار
چور کو بتائے بھلا کون چوکیدار ۔۔۔ ماری لیلے ۔۔۔

گانا نمبر ۷

کھول کے آنکھ دیکھ ذرا، او سوئے ہوئے بھگوان
تیرے ہی سائے کے نیچے، روتا ہے انسان
دیکھی تیری دنیا، دنیا والے، دیکھی تیری دنیا، دنیا والے
مجبوروں کی آنکھ میں آنسو، اور زباں پر تالے
کل تک جنکے دروازے پر دیکھے گھوڑے ہاتھی
گلی گلی میں آج وہ بھٹکے، نہ سنگی نہ ساتھی
ہیں تیرے کام نرالے، دیکھی تیری شان ۔۔۔
کسی کے سکھ میں آگ لگانا، کام نہیں ہے تیرا
ہے یہ جھوٹ تو کہہ دے داتا، نام نہیں ہے تیرا
او دنیا کے رکھوالے، دیکھی تیری شان ۔۔۔

گانا نمبر ۸

لے آج تیری یاد کی نشانی بیچ دی
دنیا کے ہاتھوں پیار کی کہانی بیچ دی
پھوٹے ہوئے نصیب پر روئیں نہ پھول کیوں
جب باغباں نے باغ کی جوانی بیچ دی ۔۔۔ لے آج تیری ۔۔۔
جب آنسوؤں کو دیکھنے والے ہی ہنس دیئے
مجبور ہو کے آنکھ نے روانی بیچ دی ۔۔۔ لے آج تیری ۔۔۔

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے مخفی راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے کسطرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے تیار ہوے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف ۳/۱/- محصولڈاک معاف

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے خمیرہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگرٹ۔ سگار۔ سرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مسالہ دار۔ خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز۔ ترکیبیں و طریقے درج ہیں۔ قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

رہنمائے صابون سازی

ہر قسم کے صابون مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار وغیرہ بنانیکا آسان طریقہ سکھانیوالی کتاب آپکو ملے گا۔ قیمت صرف ۱/۸/ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: **رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی**